اسکول کے پہلے دن کے لیے تیار ہو جائیں!

تعلیمی سال کا عمدہ آغاز کرنے کے لیے آپ ذیل کام کر سکتے ہیں:

❑ اپنی رابطہ معلومات میں تجدید کریں۔

این وائی سی پبلک اسکولز اور اپنے بچے کے اسکول کی جانب سے اہم تازہ ترین معلومات سے بے خبر نہ رہیں۔ آپ اپنے نیویارک شہر اسکولز اکاؤنٹ (NYCSA) میں اپنی معلومات کی تجدید کر سکتے ہیں، یا آپ اپنے اسکول کی جانب سے فراہم کردہ ہنگامی صورت میں رابطہ فارم مکمل کر سکتے ہیں۔ اگر آپ کے پاس ابھی تک ایک نیو یارک شہر اسکولز اکاؤنٹ نہیں ہے، یہ جاننے کے لیے کہ سائن اپ کیسے کیا جائے **schools.nyc.gov/NYCSA** پر جائیں۔

❑ طبی معائنے کے لیے ایک ڈاکٹر کے پاس جائیں۔

کیا آپ کا بچہ پہلی مرتبہ اسکول یا چائلڈ کئیر کا آغاز کر رہا ہے؟ یہ یقینی بنائیں کہ آپ کے بچے نے کسی طبی نگہداشت فراہم کنندہ سے ایک مکمل طبی معائنہ کروا لیا ہے، جسے بچے اور نوبالغ فرد کا صحتی معائنے کا فارم **(CH205)** میں قلم بند کیا گیا ہو۔ یہ فارم ڈاؤن لوڈ کرنے کے لیے **schools.nyc.gov/schoolhealth** پر دستیاب ہے۔

❑ یہ یقینی بنائیں کہ آپ کے بچے کو وقت کے مطابق تمام مطلوبہ مدافعتی ٹیکے لگ چکے ہیں۔

نیویارک ریاست عوامی صحت کا قانون تقاضا کرتا ہے کہ طلبا چائلڈ کئیر یا اسکول میں شرکت کرنے کے لیے مخصوص مطلوبہ ویکسینز لگوائیں۔ آپ مطلوبہ مدافعتی ٹیکوں کے بارے میں مزید معلومات **schools.nyc.gov/immunization** پر تلاش کر سکتے ہیں۔ ہم تجویز کرتے ہیں کہ نیو یارک کے تمام مکین COVID-19 کی ویکسین کی تمام خوراکوں کو لگوائیں۔ اپنے نزدیک ایک مقام تلاش کرنے کے لیے **vaccinefinder.nyc.gov** پر جائیں یا 877-829-4692 پر کال کریں۔

❑ 2024-25 نیو یارک شہر اسکول کیلنڈر کا جائزہ لیں۔

2024-25 تعلیمی سال کی اہم تواریخ اور مختلف زبانوں میں قابل اشاعت (پرنٹ) فائلوں کو **schools.nyc.gov/calendar** پر ملاحظہ کریں۔

❑ اپنے بچے کے نقل و حمل کے انتخابات اور اہلیت کی جانچ کریں۔

متعدد مختلف انتخابات ہیں جن کو آپ کا بچہ ہر روز اسکول سے آنے جانے میں سفر کے لیے استعمال کر سکتا ہے، اس کا انحصار ان کی اہلیت پر ہے۔ اگر آپ کو علم نہیں ہے کہ آپ کا بچہ اس سال اسکول کس طرح پہنچے گا مزید معلومات کے لیے **schools.nyc.gov/transportation** پر جائیں. اگر آپ کے بچے کو بس کی خدمات تفویض کی جاتی ہیں، آپ اپنے این وائی سی اسکولز اکاؤنٹ میں ان کے روٹ دیکھ سکتے ہیں، ساتھ ہی لے جانے اور چھوڑ کر جانے کے اوقات کو دیکھ سکتے ہیں۔

❑ اپنے بچے کے اسکول کے سامان کو تیار کریں۔

آپ کے بچے کا استاد یا اسکول آپ کے بچے کی اسکول کے سامان کی تجویز کردہ فہرست، ساتھ ہی اسکول کے پہلے چند ایام کا شیڈول بھیج سکتا ہے۔ یہ یقینی بنائیں کہ آپ کے بچے کو علم ہے کہ ان کے اسکول کے پہلے دن کیا توقع کی جائے، اور ان کا اسکول کا سامان پیک ہے اور یہ بالکل تیار ہیں۔ ہم یہ بھی تجویز کرتے ہیں کہ اپنے بچے کے املاک (مثلاً جم کے کپڑے، پانی کی بوتلوں، پینسل کیس) پر لیبل لگائیں تاکہ اس بات کو یقینی بنایا جا سکے کہ ان کے کھو جانے کی صورت میں ان کو واپس کیا جا سکتا ہے۔

❑ اسکول کے پہلے دن سے قبل سونے اور صبح اُٹھنے کا ایک معمول ترتیب دیں۔

ستمبر سے قبل اپنے بچوں کو باقاعدہ اور صحت افزوں سونے کے شیڈول سے مانوس کروا کے نئے تعلیمی سال میں ایک ہموار منتقلی کو یقینی بنائیں۔ اسکے بعد، اسکول شروع ہونے سے چند دن قبل، اپنے اہل خانہ کے صبح اُٹھنے کا متوقع معمول، بشمول تیار ہونے، ناشتہ کرنے اور اپنے بچے کے اسکول تک سفر کرنے کی مشق کریں۔

❑ **مطالعے کے لیے تیار ہو جائیں۔**

ایک بچہ خود کو آنے والے تعلیمی سال کے لیے تیار کرنے کے لیے جو بہترین کام کر سکتا ہے وہ ایک کتاب کا مطالعہ کرنا ہے! جو بچے مطالعہ کرتے ہیں یا جن کو مطالعہ کر کے سنایا جاتا ہے وہ کلاس روم میں تعلیم کے لیے بہتر طور پر تیار ہوتے ہیں۔ خاندانوں کے لیے ہمارے تعلیمی وسائل کی تحقیق کریں — بشمول قابل اشاعت (پرنٹ) فلیش کارڈز، مطالعہ کے لیے تجویز کردہ فہرستیں، اور بہت کچھ — **schools.nyc.gov/literacyresources** پر Sora ایپ کے ذریعے نیو یارک شہر پبلک اسکولز طلبا کے لیے مفت ای بکس کے بارے میں مزید جانیں۔

❑ **اپنے اسکول کے والدین رابطہ کار سے رابطہ کریں۔**

والدین رابطہ کار آپکے اسکول سے متعلقہ کئی سوالات اور خدشات کے جوابات فراہم کر سکتے ہیں۔ **schoolsearch.schools.nyc** پر ایک اسکول تلاش کریں (Find a School) آلہ کار استعمال کریں جائیں یا اپنے والدین رابطہ کار اور اسکول کے دیگر عملے کی رابطہ معلومات کو تلاش کرنے کے لیے اپنے بچے کے اسکول سے رابطہ کریں۔

❑ **اپنے والدین رابطہ کار یا پرنسپل سے ترجمہ اور ترجمانی کی خدمات کے بارے میں معلوم کریں۔**

آپکا اسکول ترجمے اور ترجمانی کی خدمات مفت فراہم کر سکتا ہے۔ مزید جاننے کے لیے اپنے اسکول کے والدین رابطہ کار یا پرنسپل سے معلوم کریں یا مزید معلومات کے لیے **schools.nyc.gov/hello** پر جائیں۔ اشاروں کی زبان میں ترجمانی کی خدمات کے لیے، برائے مہربانی اپنے اسکول کے والدین رابطہ کار سے رابطہ کریں یا **OSLIS@schools.nyc.gov** پر ای میل بھیجیں۔

❑ **موسم سے متعلق یا ہنگامی صورت میں اسکول بند ہونے کی صورت میں ریموٹ لرنگ کے لیے تیار رہیں۔**

اگر این وائی سی پبلک اسکول عمارتوں کو بند کرنا لازمی ہے تو طلبا گھر پر ریموٹ لرنگ میں شرکت کریں گے۔ انٹرنیٹ کے قابل ایک برقی (الیکٹرانک) آلے، اسکول کا سامان اور آپ کے بچے کے لیے کام کرنے کے لیے تقرر کردہ جگہ کے ساتھ تیار رہیں۔ اگر آپ کے بچے کا ایک محکمئہ تعلیم طالبِ علم اکاؤنٹ ہے تو یہ تصدیق کر لیں کہ یہ لاگ اِن کر سکتے ہیں اور ان آن لائن وسائل تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں جن کو یہ اپنے اسکول کا کام کرنے کے لیے استعمال کر سکتے ہیں۔ ریموٹ لرنگ ایام کی تیاری میں مدد کرنے کے لیے وسائل اور معلومات کے لیے **schools.nyc.gov/digitallearning** پر جائیں۔

ہم آپ سے اسکول کے پہلے دن، جمعرات، 5 ستمبر کو ملنے کے متمنی ہیں!